# اُردو:

## باب نمبر 5:

## پیارا وطن:

### بند 1:

نہ ہو کیوں ہمیں جاں سے پیارا وطن
ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن
سہانا ہے سبز ہے سارا وطن
ہمارا وطن پیارا پیارا وطن

### تشریح:

شاعر کہتا ہے کہ ہمیں اپنا وطن کیوں نہ اپنی جان سے بھی پیارا ہو کہ ہمارا وطن جنت جیسا ہے۔ آزادی بہت بڑی نعمت ہے اور ہم ایک آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں۔ ہمارا وطن بہت خوبصورت ہے۔ یہ خوبصورتی ہی ہمیں وطن سے محبت کرنے پر اکساتی ہے۔ ہمارا وطن خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں اپنا وطن اپنی جان سے بھی زیادہ پیارا ہے۔

**بند 2:**

یہ سرسبز جنگل لہکتے ہوئے

یہ باغوں کے منظر مہکتے ہوئے

لہکتا مہکتا ہمارا وطن

ہمارا وطن پیارا پیارا وطن

**تشریح:**

میرے وطن میں ہر طرف ہرے بھرے جنگل ہیں۔ خوب صورت باغ ہیں۔ یہ باغ خوشبو سے ہرے بھرے ہوئے ہیں۔ پورے ملک میں ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔ پرندوں کی چہچہاہٹ ہے۔ پورا وطن ایک خوب صورت باغ کا منظر پیش کرتا ہے۔ ہمارا وطن بہت ہی خوب صورت اور پیارا ہے۔

**بند 3:**

بہاریں ہیں باغوں میں چھائی ہوئی

گھٹائیں ہیں کیا کیا رنگ لائی ہوئی

خوشی سے ہے بھرپور سارا وطن

ہمارا وطن پیارا پیارا وطن

**تشریح:**

میرے وطن کے باغوں میں ہمیشہ بہار رہتی ہے۔ اس پر خزاں نہیں آتی۔ اس میں پھول کھلے رہتے ہیں۔ میرے وطن پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی گھٹائیں چھائی رہتی ہیں۔ جس کی وجہ سے میرے وطن میں ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔ میرا وطن خوشیوں سے بھرا ہوا ہے۔ میرا وطن مجھے بہت ہی پیارا ہے۔

**بند 4:**

وطن کے فسانے سناتے ہیں ہم
یہی گیت دن رات گاتے ہیں ہم
ہم اس کے ہیں یہ ہے ہمارا وطن
ہمارا وطن پیارا پیارا وطن

**تشریح:**

ہم اپنے وطن سے محبت کی کہانیاں لوگوں کو سناتے ہیں۔ ہمارے لبوں پر دن رات اس کی خوب صورتی کے نغمے ہوتے ہیں۔ ہماری پہچان

ہمارے وطن کے دم سے ہے۔ وطن ہے تو ہم ہیں ورنہ
ہم کچھ بھی نہیں ہے۔ اسی طرح ہمارا وطن ہمارے
دم سے ہے۔ ہمیں اپنے وطن سے بہت محبت ہے۔

## سوالوں کے جوابات دیں۔

س۔ جان سے پیارا ہونا کا کیا مطلب ہے؟

ج۔ جان سے پیارا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنے وطن
سے اپنی جان سے بھی بڑھ کر محبت کرتے ہیں۔
اگر ہمیں اپنے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جان
کی قربانی بھی دینا پڑے تو ہم پیچھے نہیں ہٹیں
گے۔

س۔ شاعر نے جنت کا ٹکڑا کسے کہا ہے؟

ج۔ شاعر نے اپنے وطن کو جنت کا ٹکڑا کہا ہے۔

س۔ ہمارے وطن کے جنگل اور باغات کیسے ہیں؟

ج۔ ہمارے وطن کے جنگل اور باغات بہت خوب صورت
ہیں۔ جنگلوں میں خوب صورت پرندے چہچہاتے رہتے

| | |
|---|---|
| سبز | خوب صورت |
| لہکنا | چہچہانا |
| منظر | نظارا |
| بھرپور | مکمل |
| گیت | نغمہ |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| جنت | دوزخ |
| بہار | خزاں |
| دن | رات |
| فسانہ | حقیقت |
| خوشی | غمی |

## وطن کی محبت:

جس جگہ کوئی انسان پیدا ہوتا ہے، جوان ہوتا ہے اور اپنی روزی کماتا ہے وہ جگہ انسان کا وطن کہلاتی ہے۔ اپنے وطن

ہیں۔ ہمارے وطن کے باغوں میں ہر وقت بہار رہتی ہے، اس میں کبھی خزاں نہیں آتی۔

**س:** گھٹاؤں کے رنگ لانے کے کیا معنی ہیں؟

**ج:** جب گھٹا چھاتی ہے تو بارش ہوتی ہے۔ اس بارش کی وجہ سے باغوں میں پھول کھلتے ہیں۔ سارا باغ خوب صورت نظر آتا ہے۔ گھٹاؤں کے رنگ لانے سے مراد ہے کہ ہر طرف رنگ برنگے پھول کھل جاتے ہیں۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| ٹکڑا | چھوٹا حصہ |
| سہانا | پیارا |
| سرسبز | ہرے بھرے |
| مہکتا | خوشبو میں بسا ہوا |
| چھانا | سایہ کرنا |
| فسانہ | کہانی |
| وطن | ملک |

سے محبت ہر انسان کے دل میں ہوتی ہے۔ وطن سے محبت یہ ہے کہ ہم وطن کی ترقی کے لیے کام کریں۔ ملک کی حفاظت سب پر لازم ہے۔ اگر کبھی ایسا موقع آ جائے کہ وطن کی حفاظت کے لیے ہمیں اپنی جان بھی قربان کرنی پڑے تو ہمیں پیچھے نہیں ہٹنا چاہیے۔ آج کا دور سائنسی دور ہے۔ ہمارا حاصل کیا ہوا علم ہمارے ملک اور قوم کے بہت کام آ سکتا ہے۔ ہمارے ملک میں بہت سے کارخانے اور فیکٹریاں ہیں۔ لاکھوں لوگ کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔ ان فیکٹریوں میں کام کر کے ہم اپنے ملک کی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں۔ ہماری آمدنی جتنی زیادہ ہوگی ہم حکومت کو اتنا ٹیکس دیں گے۔ اس سے لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم ہو سکتی ہے۔ وطن کی ترقی کے لیے دن رات کوشش کرنی چاہیے۔

… درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں:

دور — جنت — فسانہ — بہار — خوشی

۴۔ کالم "الف" میں دیے گئے ہر مصرعے کا دوسرا مصرع کالم "ب" میں تلاش کریں اور اُسے دی گئی مثال کے مطابق کالم "ج" میں لکھیں۔

| کالم "الف" | کالم "ب" | کالم "ج" |
| --- | --- | --- |
| …و کیوں ہمیں جاں سے پیارا وطن | گھٹائیں ہیں کیا رنگ لائی ہوئی | ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن |
| …سرسبز جنگل لہکتے ہوئے | یہی گیت دن رات گاتے ہیں ہم | |
| …یں ہیں باغوں میں چھائی ہوئی | یہ باغوں کے منظر مہکتے ہوئے | |
| …کے فسانے سناتے ہیں ہم | ہمارا وطن، پیارا پیارا وطن | |
| …کے ہیں، یہ ہے ہمارا وطن | ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن | |

… نیچے دیے گئے شعروں کو غور سے پڑھیں:

…ہو کیوں ہمیں جاں سے پیارا وطن
ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن
…انا ہے، سُندر ہے سارا وطن
…را وطن، پیارا پیارا وطن

…شعروں میں آنے والے الفاظ "پیارا، ہمارا، سارا" ایک جیسی آواز دیتے ہیں۔ ہم آواز الفاظ کو قافیہ کہا جاتا ہے۔
…"وطن" کا لفظ بار بار دُہرایا گیا ہے۔ ہو بہو دُہرائے جانے والے لفظ یا الفاظ کو ردیف کہتے ہیں۔
…نیچے دیے گئے شعروں سے قافیے اور ردیف الگ الگ کریں۔

یہ سرسبز جنگل لہکتے ہوئے
یہ باغوں کے منظر مہکتے ہوئے
بہاریں ہیں باغوں میں چھائی ہوئی
گھٹائیں ہیں کیا رنگ لائی ہوئی

ہیں، یہ ہے ہمارا وطن
ہمارا وطن، پیارا
پیارا وطن
(اختر شیرانی)

## مشق

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں:

- جان سے پیارا ہونے کا کیا مطلب ہے؟
- شاعر نے جنّت کا ٹکڑا کسے کہا ہے؟
- ہمارے وطن کے جنگل اور باغات کیسے ہیں؟
- گھٹاؤں کے رنگ لانے کے کیا معنی ہیں؟

درست جواب کی مدد سے مصرے مکمل کریں:

- نہ ہو کیوں ہمیں ---------- سے پیارا وطن
(ا) سب (ب) دل (ج) جاں (د) خود
- سہانا ہے، ---------- ہے سارا وطن
(ا) سُندر (ب) پیارا (ج) اچھا (د) اپنا
- یہ سرسبز جنگل ---------- ہوئے
(ا) مہکتے (ب) دہکتے (ج) چھکتے (د) لہکتے
- بہاریں ہیں ---------- میں چھائی ہوئی
(ا) پیڑوں (ب) کھیتوں (ج) باغوں (د) جنگل
- گھٹائیں ہیں کیا ---------- لائی ہوئی
(ا) ابر (ب) رنگ (ج) برکھا (د) پانی

| | |
|---|---|
| …ہیں باغوں میں پھیلی ہوئی | بھی گیت دن رات گاتے ہیں ہم |
| …کے نغمے سناتے ہیں ہم | یہ وادیوں کے منظر جھکتے ہوئے |
| …کے ہیں، یہ ہے ہمارا وطن | ہمارا وطن پیارا پیارا وطن |
| | ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن |

…نیچے دیے گئے شعروں کو غور سے پڑھیں:

…ہو کیوں ہمیں جاں سے پیارا وطن

…ہے جنت کا ٹکڑا ہمارا وطن

…ہے، سمندر ہے سارا وطن

…وطن، پیارا پیارا وطن

…روں میں آنے والے الفاظ "پیارا، ہمارا، سارا" ایک جیسی آواز دیتے ہیں، ہم آ…

…"وطن" کا لفظ بار بار دُہرایا گیا ہے۔ ہو بہو دُہرائے جانے والے لفظ یا الفا…

…ں نیچے دیے گئے شعروں سے قافیے اور ردیف الگ الگ کریں۔

یہ سرسبز جنگل لہکتے ہوئے
یہ باغوں کے منظر مہکتے ہوئے

بہاریں ہیں باغوں میں چھائی ہوئی
گھٹائیں ہیں کیا رنگ لائی ہوئی



Not f…

...ں کالم ''ج'' میں درست مترادف لکھیں:

| کالم ''الف'' | کالم ''ب'' | کالم ''ج'' |
| --- | --- | --- |
| ...ت | روز | بہشت |
| ...غر | چمن | |
| ...ندر | شب | |
| ...غ | خوب صورت | |
| ...یت | بہشت | |
| ...دن | نغمہ | |
| ...ات | ہرا | |

...کون سے لفظ استعمال کیے جا سکتے ہیں؟

...ن پر تین پیراگراف پر مشتمل مضمون لکھیں۔

## سرگرمیاں

...ں۔

...ترنّم کے ساتھ پڑھنے کا مقابلہ منعقد کرائیں۔

...یا اخبار وغیرہ سے اپنے وطن کے بارے میں نظم تلاش کریں اور اُسے کاپی میں لکھیں۔

...وں کے بارے میں آسان لفظوں میں بتائیں۔